بسم اللہ الرحمن الرحیم

Khalid Saifullah Rahmani

خالد سیف اللہ رحمانی

قربانی کی رقم سیلاب زدہ لوگوں کی مدد میں صرف کرنے کا مشورہ نادرست اور گمراہ کن

مولانا خالد سیف اللہ رحمانی

....

مولانا خالد سیف اللہ رحمانی جنرل سکریٹری اسلامک فقہ اکیڈمی انڈیا نے وضاحتی بیان میں کہا ہے کہ قربانی ایک اہم ترین شرعی عمل ہے، اور شعائر دین میں داخل ہے، جو دراصل حضرت ابراہیم علیہ السلام کی طرف سے اللہ تعالیٰ کی رضاء کے لئے حضرت اسماعیل علیہ السلام کی قربانی اور اللہ کی طرف سے حضرت اسماعیل کی جگہ مینڈھے کی قربانی کی یادگار ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے حضرت ابراہیم کی سنت قرار دیا ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خود ہر سال قربانی کا اہتمام فرمایا ہے، حجۃ الوداع کے موقع سے تو آپ نے سو اونٹنیوں کی قربانی دی ہے؛ اگرچہ صدقہ اور غریبوں کی مدد بڑے ثواب کا کام ہے؛ لیکن بقرعید کے ایام میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کے مطابق قربانی سب سے افضل عمل ہے، حدیث میں اس کی صراحت موجود ہے، آپ نے قربانی کی فضیلت بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ قربانی کے ایک قطرہ کے بدلہ تمہارے پچھلے تمام گناہ معاف کردیے جائیں گے، قربانی سے ایک بہت بڑی دینی مصلحت بھی وابستہ ہے کہ اس کے ذریعہ مسلمان اپنے اس عہد کو تازہ کرتا ہے کہ وہ اللہ کے حکم کے سامنے اپنی تمام خواہشات کو قربان کرنے کے لئے تیار ہے؛ اس لئے صاحب استطاعت مسلمانوں کو چاہئے کہ وہ ضرور قربانی کریں، اگر گنجائش ہو تو چھوٹے جانور کی قربانی کریں، اگر اس کی گنجائش نہ ہو تو بڑے جانور میں حصہ لیں، بعض حلقوں کی طرف سے اس طرح کی بات کہی جارہی ہے کہ مسلمان اس سال قربانی نہ کرکے یہی پیسہ کیرالا کے سیلاب زدہ لوگوں کو دے دیں، یہ ایک گمراہ کن مشورہ ہے، قربانی کا جو مقصد ہے، اور اس پر جو اجر وثواب ہے، وہ سیلاب زدہ لوگوں کی مدد سے حاصل نہیں ہوسکتا؛ البتہ مسلمانوں کو چاہئے کہ وہ الگ سے اپنے سیلاب زدہ بھائیوں کی بھی مدد کریں، اور اس کے لئے الگ سے خرچ کریں، جس طرح ہم اپنی ذاتی ضروریات میں ایک مد کی رقم کاٹ کر دوسرے مد میں صرف نہیں کرتے، ہمارا یہی طرز عمل دینی اعمال اور عبادات میں بھی ہونا چاہئے کہ ہم قربانی جیسی عظیم عبادت بھی انجام دیں اور اپنے مصیبت زدہ بھائیوں کی طرف بھی مدد کا ہاتھ بڑھائیں۔

۷؍ذی الحجہ ۱۴۳۹ھ

۱۹؍اگست ۲۰۱۸ء

خالد سیف اللہ رحمانی

• ناظم المعہد العالی الاسلامی حیدرآباد • جنرل سکریٹری اسلامک فقہ اکیڈمی (انڈیا) • سکریٹری آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ • رکن مجمع الفقہ الاسلامی مکہ مکرمہ تحت رابطہ عالم اسلامی

• Director : Al Mahad Ul Aali Al Islami, Hyderabad. • General Secretary : Islamic Fiqh Academy, INDIA.
• Member of International Islamic Fiqh Academy, Makkah Mukkramah • Secretary : All India Muslim Personal Law Board

Bait-ul-Hamd, H.No. : 16-182/1, Quba Colony, P.O. Pahadi Sharif, Hyderabad, 500 005 (A.P.) INDIA. Ph. +91 40 2002271 Mobile : +91 9959842747
Email : ksrahmani@yahoo.com, Website : www.khalidrahmani.com

Scanned with CamScanner